میڈیا آفس

حزب التحریر

ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر

HIZB UT TAHRIR

اتوار، 03 رجب، 1437ھ 10/04/2016 نمبر:PR16021

حزب التحریر کے خلاف ظلم وستم ختم کرو

ڈاکٹر افتخار کو رہا کرو جو26 مئی 2015سے پابند سلاسل ہیں

حزب التحریر ولایہ پاکستان نے حزب التحریر کی ان شخصیات کو سامنے لانے کا سلسلہ شروع کیا ہے جو حکومت کے ظلم و جبر کا سامنا کررہے ہیں ، اور اس سلسلے میں ڈاکٹر افتخار کا مقدمہ پیش کررہے ہیں۔

چالیس سالہ ڈاکٹر افتخار ایک میڈیکل ڈاکٹر ہیں ۔ وہ شادی شدہ اور تین بچوں کے باپ ہیں ۔ انہیں 26 مئی2015 کو لاہور میں" گُھرکی ہسپتال" سے اس وقت گرفتار کیا گیا جب وہ وہاں اپنے علاج کے سلسلے میں گئے ہوئے تھے ۔

ڈاکٹر افتخار ایک معزز معالج ہیں۔ انہوں نے گریجویشن راولپنڈی میڈیکل کالج سے کی۔ وہ گُھرکی ہسپتال میں بحیثیت رجسٹرار اور لاہور میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج میں ایک تیکنیکی عہدے پر فائز تھے۔

ڈاکٹر افتخار کو السر کی شدید تکلیف ہے جس کے نتیجے میں ان کے جسم سے خون نکلنا شروع ہو جاتا ہے اور وہ شدید کمزوری کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اس بیماری کے علاج کے لئے وہ بہت طاقتور ادویات استعمال کرتے ہیں جس میں روزانہ سٹیرائڈز اور سیکلوسپیرین کا استعمال بھی شامل ہے۔ انہیں مستقل بنیادوں پر سرجن سے معائنہ کرانا پڑتا ہے کیونکہ صحت کی خرابی کی بنا پر انہیں اپنی آنتوں کا کسی بھی وقت ہنگامی بنیادوں پر آپریشن کروانے کی ضرورت پیش آسکتی ہے۔

شدید اور مستقل تکلیف کے باوجود ڈاکٹر افتخار پاکستان میں خلافت کے قیام کی سیاسی جدوجہد میں پیش پیش رہے۔ اسلام کی وسیع اور گہری معلومات ، امت کے دکھ درد کا شدید احساس رکھنے، انکساری اور اخلاص کی بنا پر وہ اپنے اہل و اعیال، ساتھیوں اور شاگردوں میں انتہائی احترام کی نظروں سے دیکھے جاتے ہیں۔

شدید بیماری کے باوجود جیل میں ڈاکٹر افتخار کو مناسب طبی سہولیات کی فراہمی میں رکاوٹ ڈالی جارہی ہے۔

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

حزب التحریر آفیشل ویب پیج:http://www.hizb-ut-tahrir.org ویب: http://HTmediaPAK.page.tl ویب: www.hizb-pakistan.com

حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج:http://www.hizb-ut-tahrir.info فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK4 ای میل: HTmediaPAK@gmail.com

ڈیلی موشن : https://DailyMotion.com/HTmediaPAK4 ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK